# عہد

New York State Workers' Compensation Board

| WCB کیس نمبر (نمبرز) | حادثے کی تاریخ (تاریخیں) | مدعی کا نام (آخری، پہلا، درمیانہ): |
|---|---|---|
| | | |
| کیریئر کیس نمبر | کیریئر کوڈ | کیریئر کا نام |
| | | |
| آجر | | دوسرا متعلقہ فریق |

کیا مدعی کا نمائندہ فیس کی درخواست کرتا ہے؟ ☐ جی ہاں ☐ جی نہیں

اگر ہاں، تو پھر اس عہد میں فارم OC-400.1 شامل کیا جانا لازمی ہے جسے مدعی کو موزوں طور پر فراہم کیا گیا ہے۔

____________ پرفائل کردہ فارم RB-89، بورڈ کی جانب سے اس عہد کی منظوری پر (اگر قابل اطلاق ہو تو)، واپس لے لیا گیا ہے۔

دستخط کرنے والا فرد مذکورہ ہٰذا میں درج بالا حقوق یا مجوزہ حقائق کو قبول کرتا ہے۔ ہر فریق درج بالا حقوق یا مجوزہ حقائق کے حوالے سے عہد کے قانونی اثر سے آگاہ ہے، اور مذکورہ عہد کے ساتھ اپنے دستخط اپنی مرضی سے منسلک کر چکا ہے۔ اگر بورڈ برائے کارکنان کی زرتلافی کی جانب سے منظور کیا گیا، تو یہ عہد بورڈ کے فیصلے میں شامل ہو جائے گا اور تمام فریقین کے لیے اس کی اتباع لازم ہو گی۔

____________
مدعی کے دستخط (صرف سیاہی سے - اگر ممکن ہو تو نیلی سیاہی استعمال کریں)

____________
تاریخ

____________
اٹارنی یا لائسنس یافتہ نمائندہ - براہ کرم پرنٹ کریں

____________
اٹارنی یا لائسنس یافتہ نمائندہ - دستخط

____________
کیریئر یا ذاتی بیمہ یافتہ آجر - براہ کرم پرنٹ کریں

____________
کیریئر یا ذاتی بیمہ یافتہ آجر - دستخط

____________
متعلقہ فریق - براہ کرم پرنٹ کریں

____________
متعلقہ فریق - دستخط

____________
WC قانونی جج یا مصالحت کنندہ کے دستخط
**اگر سماعت پر یہ فارم جمع کروایا جاتا ہے تو دستخط درکار ہیں۔**

____________
تاریخ

**12 NYCRR 300.5 کارکنان کی زرتلافی کے قانونی ججز کی جانب سے فیصلے:**

(الف) متنازعہ دعوؤں کی صورت میں کارکنان کی زرتلافی کا قانونی جج اعتراض کردہ نکات پر منطقی فیصلہ دے گا۔ یہ فیصلہ، بیان کردہ تعین کی معاونت کرنے والے ثبوت کو مختصراً بیان کرے گا، جو کہ زبانی بیان کے ذریعے دیا گیا ہو سکتا ہے جسے سماعتوں کے اہم نکات میں شامل کیا جائے گا، یا تحریری اور دستخط شدہ بیان کی شکل میں ہو سکتا ہے جسے ریکارڈ میں کاغذات کے ساتھ جمع کروایا جائے گا۔

(ب)(1) بورڈ کے روبرو کسی بھی دعوے کے حوالے سے فریقین غیر اعتراض شدہ حقائق یا مجوزہ حقائق پر معاہدہ کر سکتے ہیں۔ جب مدعی کی نمائندگی کی جاتی ہے، تو معاہدہ سماعت کے وقت ریکارڈ پر زبانی بیان کی شکل میں یا، سماعت کے علاوہ تحریری شکل میں کیا جا سکتا ہے۔ صدر کی جانب سے تجویز کردہ فارم یا فارمیٹ کا استعمال کر کے تحریری معاہدہ جمع کروایا جانا لازمی ہے۔ معاہدے کا یہ ظاہر کرنا لازمی ہے کہ معاہدے سے وابستہ ہر فریق:

(i) کو حقائق کے حوالے سے معاہدے یا مذکورہ معاہدے میں موجود مجوزہ حقائق کے حوالے سے قانونی اثر سے آگاہ کر دیا گیا ہے؛ اور

(ii) نے اپنی مرضی سے مذکورہ معاہدے کے ساتھ اپنے دستخط منسلک کیے ہیں۔ اگر معاہدے کی نمائندگی کسی سماعت کے موقع پر کی جاتی ہے، تو کارکنان کی زرتلافی کا قانونی جج سابق الذکر کی تصدیق سوال پوچھنے کے ذریعے کرے گا۔

(2) سماعت کے موقع پر ہونے والے اور کارکنان کی زرتلافی کے قانونی جج کی جانب سے منظور کیے جانے والے معاہدے کو کارکنان کی زرتلافی کے قانونی جج کے فیصلے میں شامل کیا جائے گا اور فریقین پر اس کی اتباع لازم ہو گی۔ سماعت کے علاوہ نمائندگی یافتہ مدعی اور آجر یا کیریئر کے درمیان کیے جانے والے تحریری معاہدے کا جائزہ لیا جائے گا اور اگر کارکنان کی زرتلافی کے قانونی جج یا مصالحت کنندہ کی جانب سے منظور کیا گیا تو اسے بورڈ کے فیصلے میں شامل کیا جائے گا۔ کارکنان کی زرتلافی کے قانونی جج کے فیصلے میں شامل کیا جانے والا ایسا معاہدہ کارکنان کی زرتلافی کے قانون کے سیکشن 23 کی شقوں اور اس حصے کے سیکشن 300.13، اور کارکنان کی زرتلافی کے قانون کے سیکشنز 22 اور 123 کے تحت ہو گا۔ صدر یہ ہدایت جاری کر سکتا ہے کہ معاہدات کو تجویز کردہ فارمیٹ میں موزوں طور پر جمع کروایا جائے اور کارکنان کی زرتلافی کے قانونی جج کا فیصلہ تشکیل دینے کے لیے اسے کارکنان کی زرتلافی کے قانونی جج یا مصالحت کنندہ کی جانب سے منظور کیا جائے۔

(3) جب مدعی غیر نمائندگی یافتہ ہو، تو وہ سماعت کے موقع پر سب کے سامنے حلفیہ بیان دے گا/گی جو اتفاق کردہ حقائق اور زبانی یا تحریری معاہدے کے قانونی اثر کے فہم کو ظاہر کرے گا۔

(4) اس ذیلی زمرے کی شقیں کارکنان کی زرتلافی کے قانون کے سیکشن 32 اور اس حصے کے سیکشن 300.36 کے مطابق زرتلافی کے لیے تصفیہ کردہ معاہدات اور تعین کے دعوؤں پر قابل اطلاق نہیں ہوں گی۔

(ج) ایسے ہر دعوے میں جہاں معذوری کا دورانیہ سات دنوں سے زیادہ ہوا، کارکنان کی زرتلافی کا قانونی جج یہ نتیجہ اخذ کرے گا کہ آیا ایسا حادثے کے سبب اور ملازمت کے دورانیے میں ہوا یا نہیں یا کسی شدید بیماری کا تعین کیا جائے گا۔

(د) کارکنان کی زرتلافی کا قانونی جج ممکنہ طور پر شہادت لینے کے بعد کارکنان کی زرتلافی کے قانون کے سیکشن 13-a کے ذیلی زمرے (4)، 13-k کے ذیلی زمرے (3)، سیکشن 13-l کے ذیلی زمرے (3) اور سیکشن 13-m کے ذیلی زمرے (4) کے تقاضوں کے مطابق رپورٹس فائل کرنے میں فزیشن یا دیگر صحت فراہم کنندگان کی ناکامی کو معاف کر سکتا ہے اگر اسے یہ معلوم ہو کہ ایسی کسی ناکامی کو معاف کرنا انصاف کے مفاد میں ہو گا، اور کارکنان کی زرتلافی کے قانونی جج کا فیصلہ اس حوالے سے وجوہات بیان کرے گا۔

(و) کارکنان کی زرتلافی کے قانون کے سیکشن 15، ذیلی زمرہ 8 کے مطابق باز ادائیگی کا دعویٰ صدر کی جانب سے تجویز کردہ فارم پر جمع کروایا جائے گا۔